مفہوم کے لحاظ سے نئی ترتیب کے ساتھ

# قرآنی دُعائیں

مرتّب

مولوی کے۔محمد ناصر عمریؔ، پرنام بٹ

باہتمام:

اولادِ جناب کدریکار شبیر احمد صاحبؒ
پرنام بٹ، ضلع ویلور، تمل ناڈو

نام کتاب : قرآنی دُعائیں
نام مرتّب : مولوی کے۔محمد ناصر عمریؔ 9092758587
ری کمپوزنگ : کاتب پرنٹرس، پرنام بٹ۔ 9865135717
طباعت : جے۔ایم۔پراسس ٹرپلی کین، چینئی
سن طباعت : ماہِ اپریل 2023ء
ناشر : اولادِ جناب کدریکار شبیر احمد صاحبؒ 7200199914

اس کتابچے کو چھپوانے کی عام اجازت ہے



اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

مردود شیطان سے میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

## پہلے آپ کے حق میں قرآنی دُعائیں

1 حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

میرے لیے اللہ کافی ہے، اس کے سوا کوئی (حقیقی) معبود نہیں ہے، میں نے اسی پر

وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ١٢٩ (التوبة)

بھروسا کر رکھا ہے، اور وہی بڑے عرش کا مالک ہے۔



2 رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْلِيْ ١٦ (القصص)

اے میرے پالنے والے! میں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے، تو مجھے معاف کردے۔

3 لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ

تیرے سوا کوئی (حقیقی) معبود نہیں ہے، تو ہر عیب سے پاک ہے،

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ٨٧ (الانبیاء)

بے شک میں ہی قصوروار ہوں۔

4 رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ٩٤ (المؤمنون)

اے میرے پالن ہار! مجھے ظالموں میں شامل نہ کرنا۔

5 رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ

اے میرے پروردگار! مجھے معاف کردے، اور مجھ پر رحم فرما۔

خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ (المؤمنون)

اور تو ہی سب سے بہترین رحم کرنے والا ہے۔

**6** اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾ (الانبیاء)

مجھے تکلیف پہنچی ہے۔ اور توسب سے بڑا رحم کرنے والا ہے۔

**7** رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾

اے میرے رب! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ (المؤمنون)

اور میرے رب! میں ان (شیطانوں) کے اپنے قریب آنے سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں۔

**8** رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾ (العنکبوت)

اے میرے رب! تو فساد کرنے والوں کے مقابلے میں میری مدد فرما۔



**9** رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ (القصص)

اے پروردگار! مجھے ظلم کرنے والوں سے بچالے۔

**10** رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ

اے پالن ہار! مجھے برکت والی جگہ پراُتاردے۔ اور تو

خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ (المؤمنون)

بہترین اُتارنے والا ہے۔

**11** رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ

اے میرے! جہاں بھی تو مجھے لےجا، سچائی کے ساتھ لےجا۔

مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ

اور جہاں سے نکالے تو سچائی کے ساتھ نکال۔ اور اپنے پاس سے



سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ (بنی اسرائیل)

مجھے خاص طاقت عطا کردے۔

**12** رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ

اے میرے رب! میں اس بات سے تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میں تجھ سے

مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ

وہ مانگوں جس کا مجھے علم نہیں ہے۔ اور اگر تو نے مجھے معاف نہ کیا،

وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۴۷﴾ (هود)

اور مجھ پر رحم نہ کیا، تو میں نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہوجاؤں گا۔

**13** رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ

اے پروردگار! تو جو کچھ بھلائی میری طرف اُتارے،



خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ (القصص)

میں اس کا محتاج ہوں۔

**14** رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ (طٰہ)

اے میرے رب! مجھے اور زیادہ علم دے۔

**15** رَّبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾

اے میرے رب! میرا سینہ کھول دے، میرا کام

وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾

میرے لیے آسان کردے،

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾

اور میری زبان کی گرہ کھول دے،

يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿٢٨﴾ (طٰہٰ)

تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں۔

16 فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ

آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! تو ہی دنیا

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا

اور آخرت میں میری حفاظت کرنے والا ہے۔ اسلام پر میرا

وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠١﴾ (یوسف)

خاتمہ کر، اور مجھے نیک لوگوں سے ملادے۔



## والدین اور اولاد کے حق میں قرآنی دُعائیں

17 رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ

اے میرے رب! میرے ماں باپ پر ویساہی رحم فرما جیسا انہوں نے

صَغِيْرًا ﴿٢٤﴾ (بنی اسرائیل)

میرے بچپن میں (رحم دلی کے ساتھ) میری پرورش کی ہے۔

18 رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ

اے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑنا، اور تو ہی سب سے

خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٨٩﴾ (الانبیاء)

بہترین وارث ہے۔



19 رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾ (الصّٰفّٰت)

اے میرے رب! مجھے نیک اولاد دے۔

20 رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً

اے میرے رب! تو مجھے اپنے پاس سے اچھی اولاد عطا فرما،

طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿٣٨﴾ (آل عمران)

تو ہی دُعا کو سننے والا ہے۔

21 رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ

اے میرے رب! اس شہر کو امن والا بنادے، اور مجھے

وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿٣٥﴾ (ابراهیم)

اور میری اولاد کو بت پوجنے سے دور رکھ۔



22 رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ

میرے رب! تو مجھے اور میری اولاد کو نماز کا پابند بنادے۔

ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿٤٠﴾ (ابراهیم)

اے ہمارے رب! میری دُعا قبول کرلے۔

23 وَلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ﴿٤﴾ (مریم)

میرے رب! اور میں تجھ سے دُعا کرکے کبھی محروم نہیں رہا۔

24 رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ

اے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں جو تونے مجھ پر

اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ

اور میرے ماں باپ پر کیا ہے، اور یہ بھی (توفیق دے) کہ میں ایسے نیک عمل کروں

صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ

جو تجھے پسند ہے، اورتو میرے لیے میری اولاد کو بھی نیک بنادے، میں تیرے

تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۱۵ (الاحقاف)

سامنے توبہ کرتا ہوں، اور میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

25 وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ

اور تو اپنی رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں

الصّٰلِحِيْنَ ۱۹ (النمل)

شامل کرلے۔

26 رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ۔ ۸۳

اے میرے رب! مجھے فیصلے کی حکمت عطا فرما، اور مجھے نیک لوگوں میں



وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۸۴

شامل کردے، آنے والے لوگوں میں میرا ذکرِ خیر باقی رکھ، اور مجھے

وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ۸۵ (الشعراء)

نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں شامل کرلے۔

دنیامیں آپ سب کی بہتری کے لیے قرآنی دُعائیں

27 رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا

اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے ہیں، اس لیے تو ہمیں معاف

وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۱۰۹ (المؤمنون)

کردے، اور ہم پر رحم فرما۔ اور تو سب سے اچھا رحم کرنے والا ہے۔



28 رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ

ہمارے پروردگار! ہم نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے، اب اگر

تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ

تونے ہمیں معاف نہیں کیا، اور ہم پر رحم نہیں کیا، تو ہم ضرور

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۔ ۲۳ (الاعراف)

نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہوجائیں گے۔

29 سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا

اے اللہ! ہم نے (تیراحکم) سنا، اور (اس پر) عمل بھی کیا۔ اے ہمارے رب!

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۲۸۵ (البقرة)

ہم تجھ سے معافی مانگتے ہیں، اور ہم کو تیری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔



30 رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا

اے ہمارے رب! بھول چوک اور غلطی پر تو ہماری پکڑ نہ کر۔

رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ

ہمارے رب! ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈال، جیسا تو نے ہم سے پہلے کے

عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا

لوگوں پر ڈالا تھا۔ اے ہمارے رب! ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈال جسے اُٹھانے کی

مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْلَنَا

ہم میں طاقت ہی نہ ہو، ہم سے درگزر فرما، ہمیں معاف کردے،

وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى

اور ہم پر رحم فرما۔ تو ہی ہمارا مالک ہے۔ اس لیے

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾ (البقرة)

کافر قوم کے خلاف ہماری مدد فرما۔

31 حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ (آل عمران)

ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے، اور وہ اچھا کارساز ہے۔

32 اَللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ

اے اللہ ! ساری بادشاہی کے مالک! تو جسے چاہتا ہے ملک دے دیتا ہے،

تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ

اور جس سے چاہتا ہے ملک چھین لیتا ہے۔ تو جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے،

مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ

اور جسے چاہتا ہے ذلیل کردیتا ہے۔ ساری بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔



الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٦﴾

تو ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔

تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي

تو ہی رات کو دن میں، اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔

الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ

تو ہی زندے کو مردے سے، اور مردے کو زندے سے نکالتا ہے۔

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ

اور تو جسے چاہتا ہے بے حساب

تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢٧﴾ (آل عمران)

روزی دیتا ہے۔



33 رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا

اے ہمارے رب! ہم نے تجھی پر بھروسا کیا ہے، اور تیری ہی طرف رجوع کیا ہے،

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٤﴾ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا

اور تیری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔ اے ہمارے رب! تو ہمیں کافروں کی

فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا

آزمائش میں نہ ڈال۔ اے ہمارے رب! ہمیں معاف کردے۔

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٥﴾ (الممتحنة)

بے شک تو سب پر غالب ، بڑی حکمت والا ہے۔

34 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٥﴾

اے پروردگار! ہمیں ظالم لوگوں کے ذریعہ آزمائش میں نہ ڈال ،



وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾ (یونس)

اور اپنی رحمت سے ہمیں کافروں سے نجات دے دے۔

35 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٧﴾ (الاعراف)

اے ہمارے رب! ہم کو ان ظالم لوگوں کے ساتھ نہ ملانا۔

36 رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ

اے پروردگار! ہمارے گناہوں کو بخش دے، ہم سے ہمارے کاموں میں

اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى

زیادتیاں ہوئی ہیں (انھیں بھی بخش دے)، اور ہمارے قدم جمادے،

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٤٧﴾ (آل عمران)

اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

37 رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ

اے ہمارے رب! تو ہمیں اپنی رحمت عطا فرما، اور ہمارے معاملے میں

لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ (الکھف)

ہمارے لیے بھلائی کا راستہ آسان کردے۔

38 رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا

اے ہمارے رب! ہماری بیویوں (شوہروں) اور اولاد کی طرف سے ہم کو آنکھوں

قُرَّةَ اَعۡيُنٍ وَّاجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِيۡنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾ (الفرقان)

کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہم کو نیک لوگوں کا امام بنادے۔

39 رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنۡزَلۡتَ وَاتَّبَعۡنَا الرَّسُوۡلَ

اے رب! تو نے جو کچھ (پیغام) اُتارا ہے، ہم اس پر ایمان لاچکے ہیں۔اور ہم نے



فَاكۡتُبۡنَا مَعَ الشّٰهِدِيۡنَ ﴿۵۳﴾ (آل عمران)

اس رسول کی پیروی کی ہے۔ اس لیے تو ہم کو (حق کی) گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔

40 رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡ هَدَيۡتَنَا وَهَبۡ

اے ہمارے رب! تو ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کردے،

لَنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ ﴿۸﴾

اور ہم کو اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، بے شک تو ہی بہت زیادہ دینے والا ہے،

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوۡمٍ لَّا رَيۡبَ

اے ہمارے رب! تو سب لوگوں کو ایک دن جمع کرنے والا ہے جس میں کوئی شک

فِيۡهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخۡلِفُ الۡمِيۡعَادَ ﴿۹﴾ (آل عمران)

نہیں ہے۔ بے شک اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔



## آخرت میں آپ سب کی بہتری کے لیے قرآنی دُعائیں

41 رَبَّنَا اغۡفِرۡ لِيۡ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ

اے ہمارے رب! تو مجھے، میرے ماں باپ کو، اور ایمان والوں کو

يَوۡمَ يَقُوۡمُ الۡحِسَابُ ﴿۴۱﴾ (ابراھیم)

اُس دن معاف کردے جس دن حساب ہوگا۔

42 رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنۡيَا حَسَنَةً وَّفِي الۡاٰخِرَةِ

اے ہمارے رب! ہم کو دنیا میں بھی بھلائی دے، آخرت میں بھی بھلائی دے،

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ (البقرۃ)

دے، اور ہم کو آگ (دوزخ) کے عذاب سے بچالے۔



43 رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا

اے ہمارے پروردگار! بے شک ہم ایمان لے آئے ہیں، پس تو ہمارے گناہ

وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۶﴾ (آل عمران)

معاف کردے، اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

44 رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبۡحٰنَكَ

اے ہمارے رب! یہ سب تو نے بے کار پیدا نہیں کیا ہے، تو ہر عیب سے

فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَآ

پاک ہے، تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

اِنَّكَ مَنۡ تُدۡخِلِ النَّارَ فَقَدۡ اَخۡزَيۡتَهٗ

اے ہمارے رب! تو جس کو بھی دوزخ میں داخل کرے، یقیناً تو نے

وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ

اس کو ذلیل کردیا۔ اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ

اے ہمارے رب! ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا، جو ایمان لانے کے لیے

اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا

بلارہا ہے کہ (لوگو!) تم اپنے پروردگار پر ایمان لے آؤ، تو ہم ایمان لے آئے۔

وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾

اے پروردگار! تو ہمارے گناہوں کو معاف کردے، ہماری برائیاں ہم سے مٹادے،

رَبَّنَا وَ اٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ

اور ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ موت دے۔ اے ہمارے رب! تو نے اپنے رسولوں کی



وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

زبانی ہم سے جو وعدہ کیا ہے وہ (معافی اور بڑا اجر) ہمیں عطا فرما۔ اور ہم کو قیامت کے دن

الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ (آل عمران)

رسوا نہ کر۔ تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

**45** رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ

اے ہمارے رب! ہم سے جہنم کے عذاب کو دور کردے،

عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿۶۵﴾ اِنَّهَا

اس کا عذاب (ہمیشہ کے لیے) چمٹ جانے والا ہے،

سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۶۶﴾ (الفرقان)

وہ بہت برا ٹھکانا اور بہت بُری رہنے کی جگہ ہے۔



**46** رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْلَنَا اِنَّكَ

اے ہمارے رب! ہمارے لیے ہمارے نور کو پورا کردے، اور ہم کو

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۸﴾ (التحریم)

معاف کردے۔ تو ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔

**47** رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا

اے ہمارے رب! ہم کو معاف کردے، ہمارے ان بھائیوں کو بھی معاف کردے

بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ

جو ہم سے پہلے ایمان لاچکے ہیں، اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لیے کوئی

اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰﴾ (الحشر)

کینہ نہ پیدا کر۔ اے ہمارے رب! تو بہت ہی شفقت اور رحم والا ہے۔



**48** رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ

اے ہمارے رب! تو نے اپنی رحمت اور علم سے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے۔ تو

لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ

ان لوگوں کو معاف کردے جنھوں نے توبہ کی، اور تیرے راستے کی پیروی کی۔ تو ان کو

الْجَحِيْمِ ﴿۷﴾ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ

جہنم کے عذاب سے بچالے۔ اے ہمارے پروردگار! تو ان کو ہمیشہ رہنے والی جنتوں میں

وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ

داخل کردے، جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے۔ اور ان کے ماں باپ، ان کی بیویوں

وَذُرِّيّٰتِهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۸﴾

اور اولاد میں سے جو بھی نیک ہوں ان کو بھی (جنت میں داخل کردے)۔ تو ہی سب پر غالب اور

وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ

حکمت والا ہے۔اور ان کو برائیوں (کی سزا) سے بچالے۔اور جس کو تونے اُس دن برائیوں

فَقَدْ رَحِمْتَهٗ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٩﴾ (المؤمن)

(کے بُرے انجام) سے بچالے گا، اس پر تونے بڑا رحم کیا۔اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔

**49** رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّآ اِنَّكَ اَنْتَ

اے ہمارے رب! ہم سے (یہ دُعا) قبول کرلے۔ توہی سب کی سننے والا

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٢٧﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ

اور سب کچھ جاننے والا ہے۔ اے ہمارے رب! ہم کو اپنا فرماں بردار بنالے،

لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا

ہماری اولاد میں سے بھی ایک جماعت کو اپنی اطاعت گزار رکھ،



مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ

ہم کو اپنی عبادت کے طریقے بتلادے، اور ہماری توبہ قبول فرما۔ توہی بڑا

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٢٨﴾ (البقرة)

معاف کرنے والا اور رحم وکرم کرنے والا ہے۔

**50** وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٨١﴾

رسولوں پر سلام ہو، اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٨٢﴾ (الصّٰفّٰت)

جو سارے جہاں کا پالنے والا ہے۔



## آپ کی دعائیں بھی قبول ہوگی

قرآن کریم میں انبیاے کرام جیسے نوح، ابراہیم، لوط، ایوب، یونس اور زکریا علیہم السلام وغیرہ کا ذکر کرتے ہوے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ سب میرے بندے تھے، اور نیک کام کرنے والے تھے۔ اس لیے ہم نے ان پر مہربانی کی، ان کی دُعائیں قبول کیں، ان کو تکلیف ومصیبت سے بچایا اور غم سے نجات دے دی، پھر آگے فرمایا: اسی طرح ہم ایمان والوں کو بچائیں گے۔ (ملاحظہ ہو، الانبیاء:۸۸)

پھر اللہ تعالیٰ نے ان انبیاے کرام کی دعائیں قبول کرنے کی اہم وجوہات بیان کرتے ہوے یوں فرمایا :



(۱) یہ لوگ نیک کاموں میں جلدی کرتے تھے۔

(۲) ہمیں شوق اور ڈر کے ساتھ پکارتے تھے۔

(۳) اور ہمارے آگے جھک جانے والے تھے۔ (الانبیاء۹۰)

اس لیے ہم کو بھی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ پر پورا بھروسا، اور مضبوط ایمان کے ساتھ، اسی کی عبادت کرتے ہوے، اور ہمیشہ نیک عمل کرتے ہوے اللہ سے عاجزی کے ساتھ دُعائیں کرتے رہیں گے، تو پھر اللہ تعالیٰ ہماری دُعائیں بھی ضرور قبول کرے گا۔ اور ہم کو خالی ہاتھ نہیں لوٹائے گا۔